Ontario

وزارت صحت | وزارت تعلیم

COVID-19 اسکول اور نگہداشت طفل کی اسکریننگ

ورژن 4: 24 فروری 2021

طلباء اور بچوں کو اسکول یا نگہداشت طفل میں جانے سے قبل روزانہ COVID-19 کے مدنظر اسکریننگ کرنا ضروری ہے۔ والدین/سرپرست حضرات بچے کی جانب سے اسے پُر کر سکتے ہیں۔

تاریخ (ماہ-دن-سال) ________________

اسکریننگ کے سوالات

1. **کیا پچھلے 14 دنوں میں، طالب علم/بچے یا جس کسی کے ساتھ وہ رہتے ہیں اس نے کینیڈا سے باہر کا سفر کیا ہے؟**
اگر کوارنٹین کے تقاضوں سے مستثنی ہوں (جیسے، لازمی کارکن جو کام کے لیے باقاعدگی سے کینیڈا – امریکہ کی سرحد پار کرتا ہو) تو، "نہیں" کو منتخب کریں۔
☐ ہاں ☐ نہیں

2. **کیا کسی ڈاکٹر، نگہداشت صحت فراہم کنندہ، یا صحت عامہ کی یونٹ نے آپ کو بتایا ہے کہ طالب علم/بچے کو فی الحال الگ تھلگ رہنا (گھر پر رہنا) چاہئے؟**
کسی وبا یا رابطے کا پتہ لگنے کی وجہ سے ایسا ہوسکتا ہے۔
☐ ہاں ☐ نہیں

3. **کیا پچھلے 14 دنوں میں، طالب علم/بچے کی نشاندہی ایسے فرد کے "قریبی رابطہ" کے بطور ہوئی ہے جس کو فی الحال COVID-19 ہے؟**
☐ ہاں ☐ نہیں

4. **کیا پچھلے 14 دنوں میں، طالب علم/بچے کو ان کے سیل فون پر COVID الرٹ کی زد میں آنے کی اطلاع موصول ہوئی ہے؟**
اگر انہوں نے پہلے ہی جانچ کروا لی اور نگیٹیو نتیجہ ملا ہے تو، "نہیں" کو منتخب کریں۔
☐ ہاں ☐ نہیں

5. **کیا طالب علم/بچے کو فی الحال ان میں سے کسی علامت کا سامنا ہو رہا ہے؟**
کوئی بھی/وہ تمام منتخب کریں جو نئی ہیں، بدترہو رہی ہیں، اور جن کا تعلق دیگر معلوم وجوہات یا انہیں پہلے سے لاحق کیفیات سے نہ ہو۔

بخار اور یا کپکپی
37.8 ڈگری سیلسیئس/100 ڈگری فارن ہائٹ یا اس سے زیادہ درجۂ حرارت
☐ ہاں ☐ نہیں

کھانسی یا زور دار کھانسی (کروپ)
مسلسل، معمول سے زیادہ، سانس لیتے ہوئے سیٹی کا شور نکلنا (جس کا تعلق دمہ، مابعد میں متعدی ردعمل کرنے والی ہوا کی نالیوں، یا دیگر معلوم وجوہات یا انہیں پہلے سے لاحق کیفیات سے نہ ہو)
☐ ہاں ☐ نہیں

دم پھولنا
بے دم ہونا، گہری سانس لینے سے قاصر ہونا (جس کا تعلق دمہ یا دیگر معلوم وجوہات یا انہیں پہلے سے لاحق کیفیات سے نہ ہو)
☐ ہاں ☐ نہیں

بو یا ذائقے میں کمی یا اس کا فقدان
جس کا تعلق موسمی الرجیوں، اعصابی عوارض، یا دیگر معلوم وجوہات یا انہیں پہلے سے لاحق کیفیات سے نہ ہو
☐ ہاں ☐ نہیں

گلے میں خراش، نگلنے میں پریشانی
نگلنے میں تکلیف (جس کا تعلق موسمی الرجیوں، تیزابی رجعت، یا دیگر معلوم وجوہات یا انہیں پہلے سے لاحق کیفیات سے نہ ہو)
☐ ہاں ☐ نہیں

ناک بہنا یا بھری ہونا/تنگ ہونا
جس کا تعلق موسمی الرجیوں، سرد موسم میں باہر رہنے، یا دیگر معلوم وجوہات یا انہیں پہلے سے لاحق کیفیات سے نہ ہو)
☐ ہاں ☐ نہیں

سر درد خلاف معمول، دیرپا (جس کا تعلق ٹینشن کی قسم کے سر درد، دیرینہ درد شقیقہ، یا دیگر معلوم وجوہات یا انہیں پہلے سے لاحق کیفیات سے نہ ہو)	☐ ہاں	☐ نہیں
متلی، الٹی اور/یا اسہال جس کا تعلق مشتعل معدے کے سنڈروم، اضطراب، ماہواری کے مروڑ، یا دیگر معلوم وجوہات یا انہیں پہلے سے لاحق کیفیات سے نہ ہو	☐ ہاں	☐ نہیں
حد درجہ تھکاوٹ یا عضلات میں درد خلاف معمول، تھکان، توانائی کی کمی، نوزائیدہ بچوں میں ناقص فیڈنگ (جس کا تعلق افسردگی، بے خوابی، تھائیرائیڈ کی بے عملی، اچانک ضرر، یا دیگر معلوم وجوہات یا انہیں پہلے سے لاحق کیفیات سے نہ ہو)	☐ ہاں	☐ نہیں

6. کیا کسی ایسے شخص کو جس کے ساتھ طالب علم/بچہ رہتا ہے COVID-19 کی کسی نئی علامت کا سامنا ہو رہا ہے اور/یا علامات کا سامنا ہونے کے بعد جانچ کے نتائج کا انتظار ہے؟ ☐ ہاں ☐ نہیں

اسکریننگ کے سوالوں کے نتائج

! اگر آپ نے سوال 1 یا 3 کا جواب "ہاں" میں دیا تو اسکول یا نگہداشت طفل میں نہ جائیں۔

- طالب علم/بچے پر 14 دنوں تک خود کو الگ تھلگ رکھنا (گھر پر رہنا) لازم ہے اور جانچ کے لیے یا طبی ایمرجنسی کے علاوہ باہر نہیں جانا ہے۔
- اگر آپ نے **سوال 1 کا جواب "ہاں"** میں دیا تو، صحت عامہ کے مشورے پر عمل کریں۔ صحت عامہ کی آپ کی مقامی یونٹ سے کلیئرنس مل جانے کے بعد طالب علم/بچے کی اسکول/نگہداشت طفل میں واپسی ہو سکتی ہے۔
  - سگے بھائی بہنوں یا آپ کے گھرانے میں موجود دیگر لوگوں پر 14 دنوں تک خود کو الگ تھلگ رکھنا (گھر پر رہنا) لازم ہے۔
- اگر آپ نے **سوال 3 کا جواب "ہاں"** میں دیا تو، مشورہ لینے یا تشخیص کروانے کے لیے ڈاکٹر/نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے بات کریں، بشمول آیا انہیں COVID-19 کی جانچ درکار ہے۔ 14 دنوں کے بعد طالب علم/بچے کی اسکول/نگہداشت طفل میں واپسی ہو سکتی ہے، چاہے انہیں جانچ کا نتیجہ نگیٹیو ہی ملے۔
  - اگر آپ صوبہ کے مخصوص علاقوں، جیسے ٹورنٹو میں رہتے ہیں تو، سگے بھائی بہن اور آپ کے گھرانے میں موجود دیگر افراد پر 14 دنوں تک گھر پر رہنا لازم ہے۔ ایسا مقامی خطرے کے عوامل کی وجہ سے ہے۔
  - اگر آپ اونٹاریو کے دوسرے علاقوں میں رہتے ہیں تو، سگے بھائی بہن اور آپ کے گھرانے میں موجود دیگر افراد اسکول، نگہداشت طفل یا کام پر جا سکتے ہیں، لیکن دیگر غیر ضروری وجوہات سے گھر سے باہر ہرگز نہیں جانا ہے۔ اپنے اسکول/نگہداشت طفل سے مزید معلومات طلب کریں۔
- اگر ان میں علامات پیدا ہوتی ہیں یا جانچ پازیٹیو آتی ہے تو، مزید مشورے کے لیے صحت عامہ کی اپنی مقامی یونٹ یا ڈاکٹر/نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے رابطہ کریں۔
- اپنے اسکول/نگہداشت طفل فراہم کنندہ سے رابطہ کر کے انہیں اس نتیجے کے بارے میں بتائیں۔

! اگر آپ نے سوال 2 کا جواب "ہاں" میں دیا تو اسکول یا نگہداشت طفل میں نہ جائیں۔

- طالب علم/بچے پر خود کو الگ تھلگ رکھنا (گھر پر رہنا) لازم ہے اور طبی ایمرجنسی کے علاوہ گھر سے باہر نہیں جانا ہے۔
- صحت عامہ کے مشورے پر عمل کریں۔ آپ کی مقامی صحت عامہ کی یونٹ سے کلیئرنس مل جانے کے بعد طالب علم/بچے کی اسکول/نگہداشت طفل میں واپسی ہو سکتی ہے۔
- اگر ان میں علامات پیدا ہوتی ہیں تو، مزید مشورے کے لیے صحت عامہ کی اپنی مقامی یونٹ یا ڈاکٹر/نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے رابطہ کریں۔
- اگر آپ صوبہ کے مخصوص علاقوں، جیسے ٹورنٹو میں رہتے ہیں تو، سگے بھائی بہن اور آپ کے گھرانے میں موجود دیگر افراد پر گھر پر رہنا لازم ہے۔ ایسا مقامی خطرے کے عوامل کی وجہ سے ہے۔
- اگر آپ اونٹاریو کے دوسرے علاقوں میں رہتے ہیں تو، سگے بھائی بہن اور آپ کے گھرانے میں موجود دیگر افراد اسکول، نگہداشت طفل یا کام پر جا سکتے ہیں، لیکن دیگر غیر ضروری وجوہات سے گھر سے باہر ہرگز نہیں جانا ہے۔ اپنے اسکول/نگہداشت طفل سے مزید معلومات طلب کریں۔
- اپنے اسکول/نگہداشت طفل فراہم کنندہ سے رابطہ کر کے انہیں اس نتیجے کے بارے میں بتائیں۔

! اگر آپ نے سوال 4 کا جواب "ہاں" میں دیا تو اسکول یا نگہداشت طفل میں نہ جائیں۔

- طالب علم/بچے پر خود کو الگ تھلگ رکھنا (گھر پر رہنا) لازم ہے اور طبی ایمرجنسی کے علاوہ گھر سے باہر نہیں جانا ہے۔
- ان کی COVID-19 کی جانچ کروانے کے لیے کسی مرکز تشخیص پر تشریف لے جائیں۔

- اگر ان کی جانچ نگیٹیو آتی ہے (انہیں وائرس نہیں ہے) تو اسکول/نگہداشت طفل میں ان کی واپسی ہو سکتی ہے۔
- اگر ان کی جانچ پازیٹیو آتی ہے (انہیں وائرس ہے) تو، صحت عامہ کی آپ کی مقامی یونٹ سے کلیئرنس ملنے کے بعد ہی ان کی واپسی ہو سکتی ہے۔

- اگر ان میں علامات پیدا ہوتی ہیں تو، مزید مشورے کے لیے صحت عامہ کی اپنی مقامی یونٹ یا ڈاکٹر/نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے رابطہ کریں۔
- سگے بھائی بہن اور آپ کے گھرانے میں موجود دیگر افراد اسکول، نگہداشت طفل یا کام پر جا سکتے ہیں، لیکن دیگر غیر ضروری وجوہات سے گھر سے باہر تب تک ہرگز نہیں جانا ہے جب تک COVID الرٹ پانے والے فرد کی جانچیں نگیٹیو نہ ہو جائیں، یا صحت عامہ کی آپ کی مقامی یونٹ سے کلیئرنس نہ مل جائے۔
- اپنے اسکول/نگہداشت طفل فراہم کنندہ سے رابطہ کر کے انہیں اس نتیجے کے بارے میں بتائیں

اگر آپ نے سوال 5 یا سوال 6 کے تحت شامل کسی بھی علامت کا جواب "ہاں" میں دیا تو اسکول یا نگہداشت طفل میں نہ جائیں۔

- طالب علم/بچے پر الگ تھلگ رہنا (گھر پر رہنا) لازم ہے اور جانچ کے لیے یا طبی ایمرجنسی کے علاوہ باہر نہیں جانا ہے۔
- اگر آپ نے **سوال 5 کا جواب "ہاں"** میں دیا تو، مشورہ لینے یا تشخیص کروانے کے لیے ڈاکٹر/نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے بات کریں، بشمول آیا طالب علم/بچے کو COVID-19 کی جانچ درکار ہے۔
- اگر آپ نے **سوال 6 کا جواب "ہاں"** میں دیا تو، اس فرد کو COVID-19 کی جانچ کا نگیٹیو نتیجہ ملنے، یا صحت عامہ کی آپ کی مقامی یونٹ سے کلیئرنس ملنے، یا دیگر بیماری میں مبتلا ہونے کی تشخیص کے بعد طالب علم/بچے کی اسکول یا نگہداشت طفل میں واپسی ہو سکتی ہے۔
- طالب علم/بچے میں علامات نظر آنے یا اس فرد کی جانچیں نگیٹیو ہونے، یا صحت عامہ کی آپ کی مقامی یونٹ سے کلیئرنس ملنے، یا دیگر بیماری میں مبتلا ہونے کی تشخیص ہونے تک سگے بھائی بہنوں یا آپ کے گھرانے میں موجود دیگر افراد پر گھر پر رہنا لازم ہے۔
- اپنے اسکول/نگہداشت طفل فراہم کنندہ سے رابطہ کر کے انہیں اس نتیجے کے بارے میں بتائیں۔

اگر آپ نے تمام سوالوں کا جواب "نہیں" میں دیا تو، آپ کے بچے کی اسکول/نگہداشت طفل میں واپسی ہو سکتی ہے کیونکہ معلوم پڑتا ہے کہ وہ صحت مند ہیں اور COVID-19 کی زد میں نہیں آئے ہیں۔ اس نتیجے کے بارے میں عملہ کو بتانے کے لیے اپنے اسکول/نگہداشت طفل فراہم کنندہ کی طے شدہ کارروائی پر عمل کریں (اگر قابل اطلاق ہو)۔

صحت عامہ اونٹاریو – رابطے کا پتہ لگانا

ان سوالوں کا جواب دینا اختیاری ہے۔ یہ معلومات رابطے کا پتہ لگانے کے لیے صرف صحت عامہ کے عہدیداران کے ذریعے استعمال کی جائیں گی۔ تمام معلومات کو 28 دنوں میں حذف کر دیا جائے گا۔

تاریخ: ____________________

نام: ____________________

فون یا ای میل: ____________________